SILKBANK

Press Release

31st May 2009
Karachi, Pakistan

سعودی پاک کمرشل بینک کی نئی شناخت ''سلک بینک''

گذشتہ سال سعودی پاک کمرشل بینک کے مالکانہ حقوق بین الاقوامی الحاق کے تحت بینک مسقط، نمیورا اور آئی ایف سی (ورلڈ بینک گروپ) نے حاصل کئے اور اس کو سلک بینک کی حیثیت سے نئی شناخت دی جو یکم جون 2009 سے مؤثر ہوگی۔ یہ اعلان بینک کے ہیڈ آفس آئی۔آئی۔چندریگر روڈ، کراچی پر ایک نمایاں تقریب میں کیا گیا۔ سید سلیم رضا، گورنر اسٹیٹ بینک آف پاکستان اس تقریب کے مہمان خصوصی تھے۔

سلک بینک کے صدر عظمت ترین نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ''یہ دن ہماری شناخت کے نئے دور کا آغاز ہے''۔ انہوں نے کہا کہ ''سلک بینک'' وہ نام ہے جو ہمارے مقاصد کی تصدیق کرتا ہے اور ہمیں ایک نئے، نمایاں اور فعال بینک کی حیثیت سے نئی شناخت دیتا ہے۔ سلک بینک کے صدر نے مزید وضاحت کرتے ہوئے کہا کہ بینک کا ابھرتا ہوا علامتی نشان بینک کے آگے بڑھنے کی جستجو کو ظاہر کرتا ہے، اور اس کی ٹیگ لائن "Yes We Can" اپنے کسٹمرز کو بے مثال سروس فراہم کرنے کا وعدہ کرتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بینک کی خواہش ہے کہ بہترین خدمت کو اپنی پہچان بنائے اور بینکنگ انڈسٹری میں اپنی خدمات کو نمایاں مقام دے۔ سید سلیم رضا، گورنر اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ نئی شناخت سلک بینک کے مستقبل کے مقاصد کی آئینہ دار ہے اور آنے والے دنوں میں یہ پاکستان کی بینکنگ انڈسٹری میں بین الاقوامی سرمایہ کاروں کی دلچسپی کو برقرار رکھے گی۔

Tariq Subzwari
Manager, Media Management
Silkbank Limited
Tariq.subzwari@silkbank.com.pk
Tel No: +[92-21] 246-2895
Fax No: +[92-21] 246-0022
Cell No: 0321-3778560